سوال

(13) دارالاسلام اور دارالحرب کی کیا تعریف ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دارالاسلام اور دارالحرب کی کیا تعریف ہے۔ ہندوستان کس قسم سے ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دارالاسلام وہ ملک ہے۔ جہاں ادائے ارکان اسلام کی آزادی ہو اور حدود شرعیہ جاری ہوں۔ جیسے آجکل حجاز نجد وغیرہ۔ دارالحرب وہ ہے جس کا بادشاہ غیر مسلم ہو اور مسلم حکومت سے اس کی جنگ ہو۔ ہندوستان نہ دارالاسلام ہے اور نہ دارالحرب بلکہ بقول مولنا محمد حسین بٹالوی دارالسلم ہے۔

(فتاویٰ ثنائیہ جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۱٤۳)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 14